عمومی سوالات (FAQ)

DFTA My Ride کیا ہے؟

نیو یارک سٹی کے محکمہ برائے عمر رسیدگی (DFTA) کا My Ride (میری سواری) پائلٹ پروگرام عمر رسیدہ اور معذور افراد کے لیے مطالبے پر سواری فراہم کرتا ہے۔ شرکاء موبائل ایپ کے ذریعے براہ راست سواری حاصل کرنے کا وقت مقرر کر سکیں گے یا فوری سواری حاصل کر سکیں گے اور ماہانہ مقرر شدہ فنڈز حاصل کریں گے۔

سواری کے لیے کون اہل ہے؟

مندرجہ ذیل کمیونٹی ڈسٹرکٹس (CD) میں رہنے والے 60 سال اور اس سے زیادہ عمر کے رسیدہ افراد اور 18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے معذور افراد درخواست دے سکیں گے:

Queens 6،7،10،12 اور 14؛ Bronx 4،5،8 اور 10؛ Brooklyn 5،13،15،16 اور 17۔

ان کمیونٹی ڈسٹرکٹس کا انتخاب کیوں کیا گیا؟

ان کمیونٹی ڈسٹرکٹس کا انتخاب اس لیے کیا گیا کیونکہ یہ ان میں سے ایک یا زیادہ معیارات پر پورا اترتے ہیں: غربت کی بلند شرح، یا عمر رسیدہ افراد اور معذور افراد کا بلند تناسب، یا ٹرانسپورٹیشن کے محدود آپشن، اور DFTA کے تحت سابق ٹرانسپورٹیشن پائلٹس میں سے کسی میں شریک نہیں ہوئے۔

میری اہلیت کی تصدیق کے لیے کون سی دستاویزات درکار ہیں؟

منتخب ہونے پر تمام درخواست گزاروں سے درکار کیا جائے گا کہ اندراج کے لیے اپنی درخواست کے ساتھ حکومت کی جانب سے کسی بھی شکل میں جاری کردہ شناخت نامہ جمع کروائیں۔ عمر اور شناخت کے قابل قبول ثبوت میں مندرجہ ذیل میں سے ایک شامل ہو گا:

- NYS محکمہ موٹر وہیکلز کا ڈرائیور کا لائسنس یا لرنرز پرمٹ، یا
- NYS محکمہ موٹر وہیکلز کا غیر ڈرائیور شناخت نامہ، یا
- امریکی ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کا ڈرائیور کا لائسنس یا ڈرائیور کے علاوہ دیگر شناخت نامہ، یا
- ID NYC، یا
- پاسپورٹ، یا
- پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی نقل جس پر سرکاری مہر ہو

اور

زیرِ ہدف علاقوں کے اندر رہائش کا ثبوت، مثلاً:

- NYS محکمہ موٹر وہیکلز کا ڈرائیور کا لائسنس یا لرنرز پرمٹ، یا
- یوٹیلٹی بل، یا
- بیمہ نامہ، یا
- ووٹ دہندہ کے اندراج کا کارڈ

اس کے علاوہ منتخب ہونے کی صورت میں 18 سال سے زیادہ عمر کے معذور درخواست دہندگان کے لیے اہلیت کا ثبوت فراہم کرنا **بھی** درکار ہو گا۔ ذیل میں قابل قبول دستاویزات کی چند مثالوں کی ایک فہرست دی جا رہی ہے:

- سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن کی جانب سے اجراء کا خط، یا
- MTA Access-A-Ride کے شناخت نامے کی نقل، یا
- طبی ماہر کے لیٹر ہیڈ پر تحریری بیانات یا خطوط، یا
- کسی اسٹیٹ ووکیشنل ری ہیبلیٹیشن ایجنسی (جیسے ACCES-VR یا NYSCB) کی جانب سے بیانات، ریکارڈز یا خطوط، یا
- نیو یارک اسٹیٹ دفتر برائے نشو نما کے مسائل کا شکار افراد (OPWDD) کی جانب سے سند کہ درخواست دہندہ کسی ایسے پروگرام سے خدمات حاصل کرنے کا/کی اہل ہے جس کو یہ لائسنس جاری کرتا ہے، چلاتا ہے، سند جاری کرتا ہے، یا مالیاتی وسائل فراہم کرتا ہے؛ یا OPWDD کا جاری کردہ شناختی کارڈ، یا
- معذور افراد کے لیے نیو یارک سٹی محکمہ ٹرانسپورٹیشن کے پارکنگ پرمٹ کی نقل

یہ پائلٹ کتنے عرصے تک چلے گا؟

زیادہ سے زیادہ نیو یارک کے باشندوں کی خدمت کے لیے یہ پروگرام، جسے عمل درآمد اور جانچ کے طور پر بیان کیا گیا ہے، تین سال تک چلے گا اور اس میں شرکا کے تین گروپ شریک ہوں گے۔ ہر منتخب گروپ نئے شرکاء پر مشتمل ہو گا۔

یہ کب شروع ہو رہا ہے؟

پروگرام میں شرکت کی درخواست **ستمبر 13، 2021 سے اکتوبر 8، 2021 تک** دستیاب ہو گی۔
سواری کی فراہمی نومبر۔ کو شروع ہو گی۔

میں اس پر کہاں جا سکتا ہوں؟

شرکاء پانچ بوروز، Nassau اور Westchester کاؤنٹیوں کے اندر اندر کسی بھی مقام سے کسی بھی مقام تک سواری کی درخواست کر سکتے ہیں۔ *DFTA My Ride* کو کسی بھی مقصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جس میں ڈاکٹر کی اپوائنٹمنٹ، عزیز و اقارب سے ملاقات، سپر مارکیٹ یا شاپنگ مال جانا شامل ہو سکتا ہے۔

مقرر کردہ وسائل کی مالیت کیا ہے؟ کیا مجھے کسی چیز کے لیے ادائیگی کرنے کی ضرورت ہو گی؟

ہر شرکت کنندہ کو کورس کے دورانیے میں ماہانہ مقرر کردہ وسائل ملیں گے۔ منتخب شدگان کے ساتھ ماہانہ مقرر کردہ وسائل کی تفصیلات پر بات چیت کی جائے گی۔ سواری کی درخواست کیے جانے کے موقع پر شرکاء کو مطلع کیا جائے گا کہ آیا ان کے اکاؤنٹ میں موجود فنڈز خرچ ہو چکے ہیں یا نہیں۔ اگر اکاؤنٹ میں رقم ناکافی ہو تو شرکت کنندہ کو پہلے سے ہی موقع دیا جائے گا کہ وہ سواری کے اخراجات کی بقیہ رقم کی ذمہ داری لے لیں یا سواری منسوخ کر دیں۔

کیا ہفتہ وار تعطیلات، شام کے اوقات اور عام تعطیلات پر سواری فراہم کی جاتی ہے؟

پروگرام دن کے 24 گھنٹے/ ہفتے کے 7 دن کار سروس فراہم کرے گا اور قبل از وقت ریزرویشن کے ساتھ ساتھ فوری سروس کی درخواستیں بھی قبول کرے گا۔

سواری کی درخواست کس طرح کی جا سکتی ہے؟

شرکاء کے پاس سواری کی درخواست کرنے کے متعدد آپشن ہو گے۔iPhone اور Android کے صارفین موبائل ایپ کے ذریعے سواری کی درخواست کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ یہ درخواست بذریعہ ویب سائٹ یا کال بھی کی جا سکتی ہے۔

کیا بخشش شامل کی جاتی ہے؟

ٹرانسپورٹیشن سے متعلق تمام اخراجات کا احاطہ کیا گیا ہے، بشمول بخشش اور ٹولز۔

کیا کوئی اور بھی میرے ساتھ سفر کر سکتا ہے؟

شرکت کنندہ کے ساتھ سفر کرنے والے افراد سے اضافی کرایہ وصول نہیں کیا جائے گا۔ تاہم، شرکت کنندہ کے ساتھ سفر کرنے والے افراد کی تعداد کو فراہم کردہ گاڑی کی سواریاں بیٹھنے کی حد سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے۔

کیا آنے جانے کا سفر دستیاب ہے؟

شرکاء آنے جانے کے سفر کے لیے سواری کی درخواست نہیں کر سکیں گے، تاہم، وہ سفر کی اختتامی منزل پر سے سواری کی درخواست کر سکتے ہیں۔

درخواست دینے کا طریقہ کیا ہے؟

درخواست گزار *DFTA My Ride* پروگرام کے لیے آن لائن درخواست دیں گے۔ درخواست www.nyc.gov/aging/myride. پر دیکھی جا سکتی ہے۔ براہ کرم ہدایات پر عمل کریں اور فارم کو پورا مکمل کریں۔

ڈاک کے ذریعے بھیجنے کی صورت میں ارسال کرنے کی تاریخ کے بعد اپنی درخواست ہم تک پہنچنے کے لیے آٹھ (8) دن کا انتظار کریں۔ درخواستوں کے ڈاک میں گم ہو جانے یا ہم تک ڈیڈ لائن کے بعد پہنچنے کی صورت میں ہم ذمہ دار نہیں ہیں۔ براہ کرم ڈاک اس پتے پر بھیجیں:

NYC Department for the Aging
DFTA My Ride
2 Lafayette Street, 2nd Floor
New York, New York 10007

شرکت کے لیے منتخب کیے جانے پر تمام درخواست دہندگان سے عمر، معذوری اور رہائش کی تصدیق کے لیے دستاویزات جمع کروانے کو کہا جائے گا۔

گاڑی کی آپشنز کیا ہیں؟ کیا آپ کے پاس وہیل چئیر کی رسائی والی گاڑیاں (WAV) ہیں؟

درخواست کے مطابق سادہ گاڑیاں اور وہیل چئیر کی رسائی والی گاڑیاں (WAV) دونوں ہی دستیاب ہوں گی۔ شرکاء ایپ، ویب سائٹ یا فون کے ذریعے اپنی پروفائل مرتب کرتے وقت تعین کر سکیں گے کہ آیا ان کو وہیل چئیر کی رسائی والی گاڑی دستیاب ہے یا نہیں۔

کیا خدمت کنندہ جانوروں کی اجازت ہے؟

جی ہاں، خدمت کنندہ جانور رکھنے والے ہر فرد کو سٹی، اسٹیٹ یا وفاق کے قوانین، اصولوں یا ضوابط کے تحت عوامی سہولیات میں امتیازی سلوک کے خلاف تحفظ حاصل ہے۔

درخواست گزاروں کو ان کے منتخب ہو جانے کے متعلق کیسے اور کب مطلع کیا جائے گا؟

اہل درخواست گزاروں کو پروگرام میں شرکت کے لیے بغیر کسی ترتیب کے لاٹری کے نظام کے تحت منتخب کیا جائے گا۔ منتخب نہ ہونے والے درخواست گزاروں کا نام انتظار کنندگان کی فہرست میں رکھا جائے گا اور جگہ دستیاب ہونے کی صورت میں ان کو مطلع کیا جائے گا۔ پائلٹ میں شرکت کے لیے منتخب ہو جانے والے درخواست گزاروں کو 2021 **اکتوبر کے آخر سے نومبر کے اوائل تک۔** تک بذریعہ ای-میل یا ڈاک مطلع کر دیا جائے گا، جس کے ساتھ پروگرام میں نام درج کروانے کے طریقہ کے متعلق ہدایات ہوں گی۔